13/03/2026

12.30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے ایران کے صدر ڈاکٹر Masoud Pezeshkian کے ساتھ بات کر کے خطے میں پیدا ہوئی صورتحال پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے بڑھتے تناؤ اور جانی و مالی نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ۔ انہوننے ایران میں مقیم بھارتی شہریوں کے تحفظ پر بھی ایرانی صدر کے ساتھ بات کی۔

وزیر اعظم نے سفارت کا ری اور بات چیت کے ذریعے معاملات کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ آج لوگ جس امن کے ماحول میں رہ رہے ہیں، اُس کو بڑی قیمت دے کر حاصل کیا گیا ہے، جس کو رائیگاں کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ آل انڈیا پولیس کبڈی کلسٹر کے دوسرے شمارے کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ رواداری اور امن کو فروغ دینے میں کھیل سرگرمیاں بھی اہم رول ادا کرتی ہیں۔

LG نے اس موقعے پر کھلاڑیوں کی عزت افزائی کی ۔ پولیس کے سربراہ نلن پر بھات اور وسپیشل ڈی جی کارڈنیشن ایس جے ایم گیلانی کے علاوہ دیگر کئی پولیس افسران بھی اس موقعے پر موجود تھے۔

رانجیLG

دریں اثنائLG نے پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی جیتنے والی جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی بھی عزت افزائی کی۔ انہوننے اس شاندار کامیابی کےلئے ٹیم کو مبارکباد دی ۔

کا بینہ میٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج جموں میں کا بینہ کی ایک میٹنگ منعقد ہو رہی ہے جس میں کئی منصوبوں کو حتمی شکل دیئے جانے کا امکان ہے۔

جمعتہ الوداع

آج جمعتہ الوداع کی مناسبت سے وادی بھر کی مساجد، خانقاہوں،امام بار گاہوں اور زیارت گاہوں میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات ہو رہے ہیں۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں ہو گا جہاں نماز جمعہ سے قبل در گاہ عالیہ کے امام و خطیب مولانا ریاض الحق نورآبادی و عظ فرمائیں گے۔ آثار شریف میں نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا کی جائے گی۔ انتظامیہ نے جمعتہ الوداع کے موقعے پر لوگوں کی سہولت کےلئے مناسب انتظامات کئے ہیں۔

LGمبارک

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عوام کو جمعتہ الوداع کے موقعے پر مبارک دی ہے۔ انہوننے لوگوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کر تے ہوئے اُمید ظاہر کی ہے کہ یہ دن ترقی اور خوشحالی کا پیغام لے کر آئے گا۔

مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لوگوں کو جمعتہ الوداع کی مبارکباد دیتے ہوئے امن اور خوشحالی کےلئے دعا کی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کا بینی وزرائ، جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر کشمیر وی کے بردی اور صوبائی کمشنر IGPسید درخشاں اندرابی، ڈی جی پی نلن پربھات، کشمیر انشل گرگ نے بھی لوگوں کو جمعتہ الوداع کی مبارکباد دی ہے

CRPF

کے 87ویں یوم تاسیس کی مناسبت سے فورس کی جانب CRPFسینٹرل ریزرو پولیس فورس سے خون کا عطیہ دینے کے کیمپ منعقد ہورہے ہیں۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید جنوبی DIG کےCRPFنے خبر دی ہے کہ ضلعے کے بوٹینگو علاقے میں منعقدہ کیمپ کا افتتاح کشمیر انوپم اگروال نے کیا ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

---Anupam--Byte-----

ہفتہ

ویک منایا جارہا ہے۔ اس ہفتے کو منانے کا مقصد Glaucoma مار چ سے 14 مارچ تک ورلڈ8 آنکھوں کو لگنے والی اس بیماری کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔

شعبے کے Ophthalmology اس تعلق سے ہم نے جب گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں پروفیسر اور ہیڈ ڈاکٹر جنید وانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

------BYTE------

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے شوہامہ میں ایک جامع شجر کا ری Mountain Reseach Centre for Sheep and Goatکل کے تحت منعقدہ اسی شجرکاری پروگرام "Green Initiative"مہم کا انعقاد ہوا۔ یونیورسٹی کے پر یونیورسٹی کے کئی شعبوں کے سر براہ اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔اس موقعے پر کیکر، توت، خوبانی، بید، چینی بوٹے اور سفیدے کے درخت لگائے گئے۔

انتقال

وادی کے ایک معروف صوفی بزرگ محمد عبداللہ متو تاربلی گذشتہ شب انتقال کر گئے۔ وادی کی کئی سماجی اور دیگر شخصیات نے ان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے غمزدہ خاندان کے ساتھ تعزیت ظاہر کی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....